انتباہ

قومی کونسل برائے ہومیوپیتھی، حکومت پاکستان

پاکستان میں ہومیوپیتھک طریقہ علاج "یونانی، آیورویدک اینڈ ہومیوپیتھک ایکٹ مجریہ 1965" کے تحت قائم شدہ قومی کونسل برائے ہومیوپیتھی کے ذریعے ریگولیٹ کیا جاتا ہے۔ مذکورہ قانون کے تحت مقررہ دائرہ کار میں رہتے ہوئے رجسٹرڈ پریکٹشنرز ہی ہومیوپیتھک علاج کی خدمات کی فراہمی کے مجاز ہیں۔

قانون کے مطابق ہر رجسٹرڈ ہومیوپیتھ کو نجی وذاتی کلینک کے علاوہ کسی بھی سرکاری، نیم سرکاری یا نجی جنرل ہسپتال یا اس کے ملحقہ شعبہ اور ڈسپینسری (ہیلتھ کیئر پرووائیڈنگ اسٹیبلشمینٹ) میں بطور ہومیوپیتھک فزیشن اور، یا ہومیوپیتھک میڈیکل افسر تعینات کیا جاسکتا ہے۔

رجسٹرڈ ہومیوپیتھک پریکٹشنرز، وفاقی حکومت سے منظور شدہ پاکستان ہومیوپیتھک فارماکوپیا میں شامل کردہ ادویات کا ذخیرہ، فروخت اور یا بطور طبی نسخہ استعمال کرسکتا ہے۔

قانون کے مطابق اسے یہ اختیار بھی حاصل ہے کہ وہ عدالتوں کے ذریعے موصولہ فیس وصول کرسکے، نیز متعلقہ کونسل کے انتخابات میں ووٹ کا استعمال کرسکے۔

واضح رہے کہ رجسٹرڈ ہومیوپیتھک پریکٹشنرز کی شناخت کو جداگانہ اور نمایاں کرنے کی غرض سے انہیں پابند کیا گیا ہے کہ وہ اپنے نام سے پہلے "ہومیوپیتھک ڈاکٹر" (دونوں الفاظ یعنی "ہومیوپیتھک" اور "ڈاکٹر" مساوی وضع وخط کے ساتھ) کا استعمال کریں۔ مزید یہ کہ اپنے نام میں کوئی ایسا سابقہ یا لاحقہ استعمال نہیں کرسکتے تاوقتیکہ کسی نافذ العمل قانون کے تحت مجاز ہوں نیز خود کو ایسی ڈگری، ڈپلومہ، لائسنس یا سرٹیفکیٹ کا حامل نہیں لکھ سکتے جو یو اے ایچ ایکٹ 1965، وفاقی یا صوبائی قوانین کے تحت تسلیم شدہ اداروں سے مُسجّل نہ ہوں۔

کوئی فرد جو مذکورہ قانون کے تحت رجسٹرڈ نہیں براہ راست یا بالواسطہ ہومیوپیتھی کے ذریعے علاج کرنے کا اہل نہیں ہے۔

علاوہ ازیں رجسٹرڈ پریکٹشنرز کو بھی یہ اختیار حاصل نہیں کہ:

(الف)۔ کسی قانونی تقاضہ کے ضمن میں پیدائش وموت کے سرٹیفکیٹ پر دستخط یا توثیق کرے؛

(ب)۔ طبی اور، یا فزیکل فٹنیس کے سرٹیفکیٹ پر دستخط یا توثیق کرے؛

(ج)۔ جراحی یا سرجری کی پریکٹس کرے۔

واضح رہے مذکورہ قوانین کی خلاف ورزی پر قاعدے کے مطابق جرمانہ اور یا قید کی سزا مقرر ہے۔

رجسٹرڈ پریکٹشنرز وفاقی حکومت سے منظوری سے قومی کونسل برائے ہومیوپیتھی کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق کی پاسداری کریں گے۔ محدود قانونی تشریح (جو اطلاق کے دوران تفصیل کے ساتھ ہوگی)، کے مطابق لازم ہے کہ

1۔ رجسٹرڈ یا لسٹڈ ہومیوپیتھ کسی بھی لحاظ سے پیشہ وارانہ نازیبا رویے (پروفیشنل مس کنڈکٹ) میں ملوث نہیں ہوگا؛ مثلاً پیشہ وارانہ تعلق میں غلط روی، کسی ہم پیشہ پریکٹشنر کے پر جھوٹا الزام عائد کرنا، اپنی پوزیشن کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ہومیوپیتھک فارما کوپیا کے مقاصد کو غلط تصرف میں لانا نیز ایسے دیگر حالات جنہیں کونسل احوال و وقائع کی روشنی میں وقتاً فوقتاً "پروفیشنل مس کنڈکٹ" قرار دے۔

2۔ رجسٹرڈ یا لسٹڈ ہومیوپیتھ اپنے نام کی تختی پریکٹس کی جگہ یا اپنی رہائش کے علاوہ کہیں نصب نہیں کر سکتا نیز تختی کے مندرجات نمود و نمائش سے عاری ہوں اور تفصیلات قانونی حد سے متجاوز نہ ہو۔

3۔ رجسٹرڈ یا لسٹڈ ہومیوپیتھ ذاتی طور پر یا اشتہار بازی، پریس یا خبر رسانی کے کسی ذریعہ سے، نیز ہینڈ بل، اشتہار، سرکلر یا کسی کو اپنی فیس میں سے کمیشن یا حصہ دے کر مریضوں کو اپنی جانب راغب نہیں کرے گا، بذریعہ خطوط علاج اور اشتہارات اور ان پر اپنی تصویر سے گریز کرے گا۔

4۔ رجسٹرڈ یا لسٹڈ ہومیوپیتھ کسی ایسے ترغیبی عمل کا حصہ نہیں بنے گا جو مریض کی مرضی بدلنے پر منتج ہو۔

5۔۔ رجسٹرڈ یا لسٹڈ ہومیوپیتھ کسی معاوضہ کے بدلے شرطیہ علاج نہیں کرے گا۔

6۔۔ رجسٹرڈ یا لسٹڈ ہومیوپیتھ قومی صحت کے سلسلہ میں تمام سرکاری ہدایات کی تعمیل کا پابند ہوگا۔

رجسٹرڈ یا لسٹڈ ہومیوپیتھ پر لازم ہے وفاقی حکومت سے تسلیم شدہ ضابطہ اخلاق کے مندرجات کی پاسداری کرے بصورت دیگر ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ضابطہ اخلاق (کوڈ آف ایتھکس) کی کاپی اور مزید رہنمائی کے لئے رجسٹرار نیشنل کونسل برائے ہومیوپیتھی سے بذریعہ چٹھی، ای میل یا فون رجوع کر سکتے ہیں

Registrar, National Council for Homoeopathy
Government of Pakistan.
Fazal Town Phase I, Airport Link Road,
Rawalpindi.
Phone # 051-5409003
Email:- nchpakistan.govt@gmail.com